1

خیبر پختونخوا معاہداتی ملازمین (خدمات کی مستقلی)
کا قانون مجریہ 1989ء
(خیبر پختونخوا کا قانون نمبر VIII مجریہ 1989ء)

فہرست۔

دیباچہ۔

شقات۔

1. مختصر عنوان، وسعت اور نفاذ۔

2. تعاریف۔

3. معاہداتی بنیاد پر لیے گئے ملازمین سے متعلق خصوصی دفعات۔

4. بعض سرکاری ملازمین کی خدمات کی مستقلی۔

5. خیبر پختونخوا کے 1988ء کے قانون نمبر 1 میں دفعہ 5 کی منسوخی۔

خیبر پختونخوا معاہداتی ملازمین (خدمات کی مستقلی)

کا قانون مجریہ 1989ء

(خیبر پختونخوا کا قانون نمبر VIII مجریہ 1989ء)

گورنر خیبر پختونخوا کی توثیق کے بعد خیبر پختونخوا (غیر معمولی) کے سرکاری جریدے میں بتاریخ 13، نومبر 1989ء کو شائع کیا گیا۔

ایک قانون۔

خیبر پختونخوا کے سرکاری محکموں میں بعض معاہداتی ملازمین کی خدمات کو مستقل کرنے کے لیے طریقہ کار مہیا کیا جاتا ہے۔

دیباچہ:

ہرگاہ یہ امر قرین مصلحت ہے کہ خیبر پختونخوا کے سرکاری محکموں میں بعض معاہداتی ملازمین کی مستقلی کے لیے ضابطہ کار وضع کیا جائے۔

یہ درج ذیل طریقے سے نافذ ہوگا۔

1۔ مختصر عنوان، وسعت اور نفاذ: (1) اس قانون کو خیبر پختونخوا معاہداتی ملازمین کی خدمات کی مستقلی کا قانون مجریہ 1989ء کے نام سے موسوم کیا جائے۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا

(3) اس قانون کا اطلاق پورے صوبہ خیبر پختونخوا پر ہوگا۔

2. تعاریف: قانون ہذا میں تاوقتیکہ عنوان یا متن کوئی امر منافی نہ ہو تو

(الف) ''حکومت'' سے مراد خیبر پختونخوا کی حکومت ہے۔

(ب) ''سرکاری محکمے'' سے مراد خیبر پختونخوا کے قواعد انصرام کار 1985ء کے قاعدہ نمبر 3 کے تحت تشکیل شدہ کوئی محکمہ ہے لیکن محکمے کا کوئی صیغہ یا تنظیم مراد نہیں ہے۔ جو وفاقی حکومت کی طرف سے مالی طور پر بنایا گیا ہو۔

(ج) ''عہدہ'' سے مراد کسی سرکاری محکمے میں ایک آسامی ہے؛ اور

(د) ''پبلک سروس کمیشن'' سے مراد خیبر پختونخوا پبلک سروس کمیشن آرڈیننس 1978 (خیبر پختونخوا کا 1978ء کا آرڈیننس نمبر XI) کی دفعات کے تحت تشکیل کردہ پبلک سروس کمیشن ہے۔

3. **معاہداتی ملازمین سے متعلق خصوصی دفعات:** باوجودیکہ خیبر پختونخوا سرکاری ملازمین کے قانون مجریہ 1973ء (خیبر پختونخوا کے 1973ء کا قانون نمبر XVIII) کی دفعہ 2 کی ذیلی دفعہ 1 کے مطابق کسی بھی محکمے میں بھرتی شدہ ملازم خیبر پختونخوا سرکاری ملازمین (ملازمت کی مستقلی) کے قانون 1988ء (خیبر پختونخوا 1989 کا قانون نمبر I) کی دفعہ 5 کے تحت اس قانون کے نفاذ تک سرکاری ملازم ایڈہاک بنیاد پر بھرتی سمجھا جائے گا اور اسے ہمیشہ اسی طرح کا بھرتی شدہ سمجھا جائے گا۔

4. **خاص سرکاری ملازمین کی خدمات کی مستقلی:** کسی بھی موجودہ رائج الوقت قانون کے برخلاف کوئی بھی سرکاری ملازم جو اس قانون کی دفعہ 3 کے تحت، جو کسی بھی سرکاری محکمے میں کسی بھی عہدے پر بھرتی ہے یا بھرتی ہو چکا ہو یا بھرتی ہوا سمجھا جا چکا ہے۔ اسے اس کی بھرتی کی تاریخ سے اس کی اہلیت، اس اسامی پر قواعد و ضوابط کی بنا پر جس کی متعلقہ محکمہ کا انتظامی سیکرٹری تصدیق کرے، پر بھرتی تصور کیا جائے گا۔

بشرطیکہ اگر کوئی سرکاری ملازم اپنی نا اہلی کے فیصلے سے ناخوش ہو، تو اسے معتمد اعلیٰ، صوبہ سرحد کو ایک اپیل کا حق ہوگا، جس کا فیصلہ اس معاملے میں حتمی ہوگا۔

بصورت دیگر، اگر کسی سرکاری ملازم کی نوکری اور اس قانون کے نفاذ کے دفعہ 3 کے تحت بھرتی کی تاریخ میں کوئی خلاء ہو جو کہ صرف معاہدہ نوکری کی منسوخی سے متعلق ہو تو اسے غیر معمولی چھٹی (بغیر تنخواہ) تصور کیا جائے گا۔

(2) اس قانون کے تحت سرکاری ملازمین کی باہمی سینیارٹی حکومت مروجہ قواعد و ضوابط کے مطابق طے کریگی۔

5. **خیبر پختونخوا کے 1988ء کے قانون نمبر 1 میں دفعہ 5 کی منسوخی:** خیبر پختونخوا سرکاری ملازمین (ملازمت کی مستقلی کا قانون 1988ء کا قانون نمبر 1) منسوخ کیا جاتا ہے اور یوں ہمیشہ منسوخ سمجھا جائے گا۔